AQF / Shabbir

16-11-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ بیگم

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 وزیراعظم نریندر مودی آج نائیجیریا، برازیل اور گیانا کے 6 روزہ دورے پر روانہ ہورہے ہیں، جس کا مقصد ان ملکوں کے ساتھ دوطرفہ اور کثیر ملکی تعلقات کو مستحکم کرنا ہے۔ وہ برازیل کے شہر Rio De Jeneiro میں جی-ٹوینٹی سمٹ میں شرکت کریں گے۔

2. وزیراعظم نے زور دے کر کہا ہے کہ حکومت، شمال مشرقی خطے میں پائیدار امن لانے کیلئے لگاتار کوشش کررہی ہے۔

3. جھارکھنڈ اور مہاراشٹر میں اسمبلی انتخابات کیلئے چناؤ مہم زوروں پر ہے۔

4. اترپردیش کے شہر جھانسی میں، مہارانی لکشمی بائی میڈیکل کالج میں آگ لگنے کے حادثے میں، 10 نوزائیدہ بچے ہلاک ہوگئے۔

5. NCB نے دلّی میں 900 کروڑ روپے مالیت کی کوکین ضبط کی ہے۔ وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ نشیلی اشیاء فروخت کرنے والے گروپوں کو پکڑنے کا کام انتھک طریقے سے جاری رہے گا۔

6. اور کرکٹ میں : جوہانسبرگ میں چوتھے اور آخری ٹی-ٹوینٹی بین الاقوامی میچ میں، بھارت نے جنوبی افریقہ کو 135 رن سے ہراکر، چار میچوں کی سیریز تین-ایک سے جیت لی ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM-THREE NATION VISIT

وزیراعظم نریندر مودی آج نائیجیریا، برازیل اور گیانا کے چھ روزہ دورے پر روانہ ہوں گے۔ تین ملکوں کے اپنے دورے کے پہلے مرحلے میں وزیراعظم، نائیجیریا کے صدر بولا احمد Tinubu کی دعوت پر، نائیجیریا کا دورہ کریں گے۔ پچھلے 17 سال میں، بھارت کے کسی وزیراعظم کا، نائیجیریا کا یہ پہلا دورہ ہوگا۔ اس ملک کے اپنے دو روزہ قیام میں وزیراعظم، دونوں ملکوں

کے درمیان دفاعی شراکت داری کا جائزہ لینے کیلئے، اعلیٰ ترین رہنماؤں سے بات چیت کریں گے اور دو طرفہ تعلقات میں اضافے کے مزید موقعوں پر تبادلہ خیال کریں گے۔ وہ نائیجیریا میں بھارتی برادری کے ایک اجتماع سے بھی خطاب کریں گے۔ بھارت اور نائیجیریا کے درمیان 2007 سے دفاعی تعلقات ہیں، جس میں معیشت، توانائی اور دفاع کے شعبوں میں شراکت داری میں اضافہ ہورہا ہے۔ 200 سے زیادہ بھارتی کمپنیوں نے، نائیجیریا میں اہم شعبوں میں 27 اَرب ڈالر سے زیادہ کی سرمایہ کاری کی ہے۔ دونوں ملکوں کے درمیان ایک مضبوط ترقیاتی تعاون بھی کارفرما ہے۔

ایک رپورٹ۔ **V-C Pallavi**

*وزیراعظم نریندر مودی نائیجیریا کے بعد 18 نومبر کو، برازیل کے شہر **Rio Di Janeiro** جائیں گے۔ وہ جی-ٹوینٹی سربراہ کانفرنس میں شرکت کریں گے، جس کی میزبانی صدر **Luiz Inacio Lula Da Silva** کریں گے۔ بھارت جی-ٹوینٹی **Troika** کا حصہ ہے اور وہ جی-ٹوینٹی کی جاری سربراہ کانفرنس کے مذاکرات میں سرگرم تعاون دے رہا ہے۔ اسی دوران وزیراعظم مودی مختلف عالمی معاملات پر بھارت کا موقف پیش کریں گے اور جی-ٹوینٹی نئی دلّی کے رہنماؤں کے اعلامیئے کے نتائج، عالمی جنوب سے متعلق سربراہ کانفرنسوں کی آواز کے بارے میں اپنی رائے کا اظہار کریں گے۔ ان کانفرنسوں کی میزبانی حالیہ دنوں میں بھارت نے کی تھی۔ امید ہے کہ جناب مودی جی-ٹوینٹی سمٹ سے الگ بہت سے رہنماؤں سے ملاقات کریں گے۔ وزیراعظم اپنے دورے کے تیسرے اور آخری مرحلے کے تحت، 19 سے 21 نومبر تک، گیانا کے دورے پر رہیں گے۔ گیانا کا یہ دورہ 1968 سے اب تک کا کسی بھارتی وزیراعظم کا یہ پہلا دورہ ہوگا۔ پچھلے سال گیانا کے صدر ڈاکٹر محمد عرفان علی نے مدھیہ پردیش کے شہر اندور میں 17ویں پرواسی بھارتی دیوس میں مہمان خصوصی کے طور پر بھارت کا دورہ کیا تھا۔ انہیں پرواسی بھارتی سمّان سے بھی نوازا گیا تھا۔ وزیراعظم مودی اپنے دورے میں صدر علی کے ساتھ تبادلہ خیال کریں گے اور گیانا کے سینئر رہنماؤں سے ملیں گے، گیانا کی پارلیمنٹ سے خطاب کریں گے اور وہاں آباد بھارتی برادری کے اجتماع سے بھی خطاب کریں گے۔ گیانا کے **Georgetown** میں وزیراعظم، دوسری **CARICOM**-بھارت سربراہ کانفرنس میں شرکت کریں گے، جس کا مقصد خطے کے ساتھ بھارت کے دیرینہ تعلقات میں اضافہ کرنا ہے۔*

*پلّوی پرمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

**PM-BODOLAND MOHOTSAV**

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ آسام میں بوڈولینڈ میں، 2020 کے امن معاہدے کے بعد، ترقی کی ایک نئی لہر

آئی ہے۔ کل شام نئی دلّی میں، پہلے بوڈولینڈ مہوتسو سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ **2020** کے بوڈو امن سمجھوتے سے، نہ صرف بوڈو برادری کو فائدہ ہوا ہے بلکہ بہت سے دیگر امن معاہدوں کیلئے بھی راہ ہموار ہوگئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ امن معاہدوں کی وجہ سے، **10** ہزار سے زیادہ نوجوان، صرف آسام میں، ہتھیار اور تشدد کا راستہ ترک کرکے، اصل دھارے میں شامل ہوئے ہیں۔

**Byte: PM On Bodo Youth**

وزیراعظم نے کہا کہ وہ بوڈولینڈ میں ترقی کے اثرات سے مطمئن ہیں، جہاں تقریباً **50** سال سے تشدد اور خون خرابے کا سلسلہ جاری تھا۔ انہوں نے نکسلی سرگرمیوں میں شامل لوگوں سے کہا کہ وہ بوڈو عوام سے کچھ سبق حاصل کریں۔

**Byte: PM On Naxalism**

انہوں نے کہا کہ حکومت، شمال مشرقی ریاستوں کے مابین، سرحدی تنازعات کا کوئی قابل قبول حل نکال کر، شمال مشرق میں مستقل امن کیلئے لگاتار کوششیں کررہی ہے۔ نوجوانوں اور خواتین کی ترقی کیلئے ہُنرمندی کے فروغ اور موقعوں کی دستیابی کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے جناب مودی نے اِس ابتدائی مشن کے بارے میں اظہار خیال کیا، جو ہنرمند بنائے جانے، کاروبار شروع کئے جانے، روز گار اور ترقی پر مبنی ہے۔ انہوں نے اعتماد ظاہر کیا کہ اِس سے بوڈو نوجوانوں کو، بڑے پیمانے پر فائدہ حاصل ہورہا ہے۔×

## MAHA CAMPAIGNING

وزیراعظم نریندر مودی آنے والے مہاراشٹر اسمبلی انتخابات کے تناظر میں **BJP** کارکنوں سے بات چیت کریں گے اور ماجھا بوتھ سَروات مجبوط پروگرام سے آج خطاب کریں گے۔ اس کے علاوہ کئی **BJP** رہنما اور ان کے اتحادی ریاست بھر میں انتخابی جلسوں سے خطاب کریں گے۔

مرکزی وزیر اور سینئر**BJP** رہنما نتن گڈکری، مہاراشٹر میں ہونے والے واحد مرحلے کے انتخاب کیلئے آج سولاپور، پونے اور سانگلی میں انتخابی جلسے کریں گے۔ وہیں نائب وزیراعلیٰ اور بی جے پی رہنما دیویندر فڑنویس گڈچرولی، چندرپور، ممبئی اور پونے میں تشہیری مہم چلائیں گے۔ اسی طرح کانگریس رہنما راہل گاندھی دو، جبکہ پرینکا گاندھی تین انتخابی جلسوں سے خطاب کریں گے۔ **NCP** سربراہ اجیت پوار سولاپور، پونے اور ناسک میں انتخابی مہم انجام دیں گے۔

دوسری جانب **NCP** شردپوار کے سربراہ شرد پوار ساتارا اور رائے گڑھ میں انتخابی جلسے کریں گے۔ وہیں **NCP** شردپوار کی رکن پارلیمنٹ سپریا سولے، پونے میں مہاوکاس اگھاڑی امیدواروں کے حق میں انتخابی مہم چلائیں گی۔ شیوسینا، ادھوبالا صاحب ٹھاکرے کے سربراہ ادھو ٹھاکرے، ممبئی اور تھانے میں انتخابی مہم چلائیں گے۔ مہاراشٹر کے **288** اسمبلی حلقوں کیلئے **20** نومبر کو ووٹنگ ہوگی۔×

**JHARKHAND CAMPAIGNING**

جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات کے دوسرے مرحلے کے لیے اپنے امیدواروں کے حق میں حمایت حاصل کرنے کے لیے NDA اور I.N.D.I.A. اتحاد دونوں کے قدآور رہنما ریاست بھر کا دورہ کر رہے ہیں۔ مرکزی وزیر اور سینئر BJP رہنما امت شاہ آج دُمکا، دیوگھر اور دھن واڑ میں تین انتخابی جلسوں سے خطاب کریں گے۔ دوسری جانب کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے بھی جام تاڑا اور کھجری میں عوامی جلسے کریں گے۔

وزیراعلیٰ اور جھارکھنڈ مکتی مورچہ، JMM کے سینئر رہنما ہیمنت سورین کا بھی ریاست میں چھ انتخابی جلسوں سے خطاب کا پروگرام ہے۔ وہیں RJD رہنما تیجسوی یادو بھی آج Godda میں انتخابی ریلی سے خطاب کریں گے۔ اس کے علاوہ AJSU پارٹی اور بائیں بازو کی جماعتوں کے رہنما بھی جھارکھنڈ کے مختلف حصوں میں روڈ شوز اور جلسے کر سکتے ہیں۔ جھارکھنڈ میں دوسرے اور آخری مرحلے کے تحت 20 نومبر کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ ووٹوں کی گنتی 23 نومبر کو ہوگی۔x

**JHARKHAND-CHANDANKIYAARI**

انتخابی حلقوں کی تفصیلات سے متعلق اپنی سیریز میں آج ہم جھارکھنڈ کے بوکارو ضلع میں چندن کیاری اسمبلی سیٹ کی بات کررہے ہیں۔ یہاں اسمبلی انتخابات کے دوسرے مرحلے میں 20 نومبر کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V-C K.K. Lal**

*چندن کیاری سیٹ، درج فہرست ذاتوں کیلئے ریزرو ہے۔ اپوزیشن لیڈر اَمرکمار باؤری اس سیٹ سے چناؤ لڑ رہے ہیں۔ جناب باؤری نے چندن کیاری سے دو بار یعنی 2014 اور 2019 میں چناؤ جیتا تھا اور اب وہ تیسری مدت کیلئے چناؤ لڑ رہے ہیں۔ جھارکھنڈ مکتی مورچہ نے اوماکانت رَجک کو میدان میں اتارا ہے، جو پہلے AJSU پارٹی میں تھے۔ NDA کے ساتھ، سیٹوں کے بٹوارے کے تحت یہ سیٹ BJP کے پاس گئی ہے۔ AJSU نے اوماکانت رَجک کو ٹکٹ دینے سے انکار کردیا تھا، لہٰذا انہوں نے JMM کی رکنیت اختیار کرلی تھی۔ اگرچہ اس سیٹ سے تین آزاد امیدواروں سمیت 8 امیدوار میدان میں ہیں، لیکن اصل مقابلہ BJP کے امرکمار باؤری اور JMM سے وابستہ اوماکانت رَجک کے درمیان ہے۔ اس حلقے میں پینے کے پانی کی قلت، ناکافی بجلی کی سپلائی اور نقلِ مکانی سمیت کئی اہم معاملات درپیش ہیں۔ رانچی سے کے کے لال کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں۔*

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**JHANSI HOSPITAL FIRE**

اترپردیش کے جھانسی کے مہارانی لکشمی بائی میڈیکل کالج کے نومولود بچوں کے انتہائی نگہداشت والے یونٹ، NICU میں کل رات آگ لگ جانے کے واقعے میں کم از کم دس بچوں کی موت ہوگئی اور 16 بچے زخمی ہوگئے۔ کانپور زون کے ADG آلوک سنگھ نے راحت کاموں کی نگرانی کی اور تصدیق کی ہے کہ آگ بھڑکنے کی وجہ الیکٹرک شارٹ سرکٹ ہے۔

ADG کے مطابق NICU وارڈ میں 47 بچے بھرتی تھے اور کئی پھنسے ہوئے بچوں کو بچایا گیا ہے۔ نائب وزیراعلیٰ برجیش پاٹھک نے جھانسی میں میڈیکل کالج کا دورہ کیا۔ بعد میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے جناب پاٹھک نے اس واقعے کو انتہائی افسوسناک قرار دیا۔ انھوں نے کہا کہ حکومت اس سانحے کی مکمل جانچ کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ انھوں نے عوام اور متاثرہ خاندانوں کو یقین دلایا کہ حکومت مشکل کی اِس گھڑی میں اُن کے ساتھ کھڑی ہے۔

اترپردیش کے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے اس واقعے کا نوٹس لیا ہے اور ضلع انتظامیہ کو راحت کاموں کو جنگی پیمانے پر انجام دینے کی ہدایت دی ہے۔ وزیراعلیٰ نے جھانسی ڈویژنل کمشنر اور ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس سے 12 گھنٹے کے اندر واقعے کی رپورٹ طلب کی ہے۔x

**NCB-COCAINE**

نشیلی اشیاء پر کنٹرول پانے سے متعلق بیورو NCB نے، دلّی میں ایک بڑی کارروائی کے تحت، تقریباً 900 کروڑ روپے مالیت کی کوکین کی، اب تک کی سب سے بڑی کھیپ کا پتہ لگایا ہے۔

وزارت داخلہ نے ایک بیان میں کہا کہ ابھی تک جو تفتیش کی گئی ہے، اِس سے انکشاف ہوا ہے کہ بیرون ملک قائم ایک گروپ اِس کام کو انجام دے رہا ہے۔ وزارت نے بتایا کہ ضبط کی گئی کوکین کی کچھ مقدار، کوریئر یا چھوٹی کارگو خدمات کے ذریعہ، آسٹریلیا بھیجی جانی تھی۔ ابھی تک منشیات کے اِس گروپ کے دو اہم ارکان کو گرفتار کیا گیا ہے اور ضبط شدہ کوکین کے وسیلے کا پتہ لگانے اور اس گروپ کے رابطوں کی جانکاری حاصل کرنے کیلئے تحقیقات جاری ہے۔ وزیر داخلہ امت شاہ نے NCB کو اس اہم کامیابی پر مبارک باد دی ہے۔x

**NATIONAL PRESS DAY**

آج پورے ملک میں پریس کا قومی دن منایا جا رہا ہے۔ یہ دن سماج میں ایک آزادانہ اور ذمہ دار پریس کے لازمی رول کی عزت افزائی کے لیے منایا جاتا ہے۔ 1966 میں آج ہی کے دن پریس کونسل آف انڈیا نے اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ پریس کا اعلیٰ معیار برقرار رہے اور وہ کسی بھی طرح کے بے جا دباؤ میں نہ آئے ایک اخلاقی نگراں کے طور پر اپنا کام شروع کیا تھا۔

اس دن نہ صرف پریس کی حصولیابیوں کا جشن منایا جاتا ہے بلکہ ایک زیادہ باخبر اور شفاف سماج کی تعمیر کے تئیں اس کی ذمہ داری کا احساس بھی پیدا کیا جاتا ہے۔ اس دن کے اعتراف میں مختلف سرگرمیاں جیسے صحافت میں عمدہ کارکردگی کے لیے قومی ایوارڈ اور **Souvenir** کا اجرا جیسے پروگرام شامل ہیں۔ اس سال کے پریس کے قومی دن کے موقع پر اطلاعات و نشریات کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نئی دلی میں ایک تقریب سے خطاب کریں گے۔

اس سال کا موضوع ہے : پریس کی بدلتی ہوئی نوعیت۔

پیش ہے اس سلسلے میں ایک رپورٹ۔ **V/C Pallavi**

*پریس کونسل آف انڈیا نے صحافت کے اخلاقی معیارات کو برقرار رکھنے و پریس پریس کی آزادی کا تحفظ کرنے میں اہم رول ادا کیا ہے۔ یہ کونسل 4 جولائی 1966 کو ایک خود مختار قانونی و نیم عدالتی ادارے کے طور پر تشکیل دیا گیا تھا۔ گذشتہ برسوں میں پریس کونسل آف انڈیا نے صحافت سے متعلق وسیع معاملات کا ازالہ کیا ہے جس میں پریس ضابطوں کی خلاف ورزی اور پریس کی آزادی کو خطرے سمیت مختلف شکایات کو دور کیا ہے۔ کونسل کے ذریعے کلیدی موضوعات جیسے انتخابات کی کوریج، دفاعی امور پر پریس رپورٹنگ اور صحافیوں کی حفاظت وغیرہ سے متعلق مطالعے و جائزوں کے انعقاد سے ملک میں جاری میڈیا معیارات کے فروغ میں نمایاں تعاون دیا ہے۔*

*نئی دلی سے پلّوی پرمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبرنامے کے لئے میں .......*

## IITF-SOCIAL JUSTICE

سماجی انصاف اور تفویض اختیارات کے مرکزی وزیر ڈاکٹر ویریندر کمار نے کل نئی دلّی میں بھارت منڈپم میں انڈیا انٹرنیشنل ٹریڈ فیئر **IITF** میں، وزارت کے پویلین کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر کمار نے کہا کہ وزارت، **100** سے زیادہ پسماندہ کاریگروں اور کاروباریوں کو ایک پلیٹ فراہم کررہی ہے کہ وہ اس میلے میں اپنے کام کی نمائش کریں۔ اس کا مقصد اُن کے معاشی حالات کو بہتر بنانا ہے۔

وزیر موصوف نے زور دے کر کہا کہ اسٹالز پر، ہینڈلوم، دستکاری اور دیگر چیزوں سمیت، نمائش میں رکھی گئیں سبھی اشیاء بھارت میں تیار کی گئی ہیں، جس سے 'ووکل فار لوکل' کے وزیراعظم نریندر مودی کے تصور کو پورا کرنے کے کام میں پیش رفت ہوئی ہے۔ اس کے علاوہ معذور افراد کو بااختیار بنانے کے محکمے نے، معذور کاریگروں کے ہاتھوں تیار کی گئیں اختراعی انداز کی امدادی ٹیکنالوجیز اور دستکاری کی نمائش کیلئے **35** اسٹالز قائم کئے ہیں۔×

**DEV DEEPAWALI VARANASI**

کل شام اترپردیش میں دیو دیپاولی تقریبات کے موقع پر 17 لاکھ سے زیادہ مٹی کے دیے روشن کرنے کے ساتھ ہی وارانسی گنگا کے کنارے کی جگمگاہٹ قابل دید تھی۔ بھگوان شیو کا شہر اور مندروں کے شہر کاشی کو بھی چار لاکھ سے زیادہ دیے روشن کرکے سجایا گیا۔ اس عظیم الشان تقریب کی شروعات نمو گھاٹ پر نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ، گورنر آنندی بین پٹیل، اور وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ کے ذریعہ پہلا دیا روشن کرکے ہوئی۔ اس کے بعد آتش بازی کی گئی۔

اس سال یوگی سرکار نے 12 لاکھ مٹی کے دیے اور 3 لاکھ ماحول کے لیے سازگار گائے کے گوبر سے بنے دیے فراہم کیے۔ لوگوں کی شراکت داری کے ساتھ وارنسی کے 84 گھاٹوں پر دیئوں کی تعداد 21 لاکھ تک پہنچ گئی۔ اس مبارک موقع پر شری کاشی وشوناتھ مندر پر خصوصی پوجا ارچنا کی گئی۔

**DELHI POLLUTION**

دلی اور قومی راجدھانی خطے میں آج صبح سات بجے ہوا کے معیار کا اشاریہ سنگین زمرے میں پہنچ گیا ہے اور 404 درج کیا گیا۔ آلودگی پر قابو پانے کے مرکزی بورڈ، CPCB کے مطابق دلی کے بوانا اسٹیشن میں ہوا کا اشاریہ، AQI، 438 درج کیا گیا۔ وہیں آنندوہار میں 436، علی پور میں 433، اشوک وہار میں 438، روہنی میں 426 اور پنجابی باغ میں ہوا کے معیار کا اشاریہ 425 ریکارڈ کیا گیا۔ بھارتی محکمہ موسمیات نے پیشگوئی کی ہے کہ اگلے دو دن کے دوران صبح اور رات کے اوقات میں دلی اور قومی راجدھانی خطے میں دھند چھائی رہے گی۔x

**T-20 CRICKET**

کرکٹ میں بھارت نے کل جوہانسبرگ کے Wanderers اسٹیڈیم میں کھیلے گئے چوتھے اور آخری ٹی-ٹوینٹی بین الاقوامی میچ میں جنوبی افریقہ کو 135 رن سے ہرادیا۔ اس جیت کے ساتھ ہی بھارت نے یہ سیریز تین-ایک سے جیت لی ہے۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے بھارت نے مقررہ 20 اوورز میں ایک وکٹ کے نقصان پر 283 رن بنائے۔ جواب میں جنوبی افریقہ کی پوری ٹیم اٹھارہویں اوور میں محض 148 رن بناکر آؤٹ ہوگئی۔ تلک ورما کو محض 47 گیندوں میں 120 رن کی زبردست اننگز کی وجہ سے پلیئر آف دی میچ قرار دیا گیا۔x

**HOCKEY**

ہاکی میں خواتین کی ایشین چیمپئن شپ ٹرافی میں آج شام بہار میں بھارت کا مقابلہ چین سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام پونے پانچ بجے شروع ہوگا۔ اِس سے پہلے جمعرات کو کھیلے گئے تیسرے میچ میں بھارت نے تھائی لینڈ کو

صفر کے مقابلے 13 گول سے زبردست شکست دی۔ ٹورنامنٹ میں بھارت اور چین دونوں ٹیمیں ناقابلِ تسخیر رہی ہیں۔ دیگر میچوں میں آج ملیشیا کا مقابلہ جاپان سے اور جنوبی کوریا کا مقابلہ تھائی لینڈ سے ہوگا۔x

**MUMBAI HOME POSTAL VOTING**

مہاراشٹر میں اگلے ہفتے ہونے و الے آسمبل انتخابات کے لیے ممبئ City ڈسٹرکٹ میں کُل 2 ہزار 109 ووٹروں نے ڈاک کے ذریعے اپنے حقِ رائے دہی کا استعمال کیا ان میں ایک ہزار 922 بزرگ شہری اور 187 معذور افراد شامل ہیں۔ 85 برس سے زیادہ عمر کے بزرگ شہریوں اور معذور افراد جو پولنگ مراکز پر جانے سے قاصر ہیں ان کے لیے متعارف کی گئی یہ سہولت مہاراشٹر ریاستی اسمبلی چناؤ کے لیے بھی دستیاب کرائی گئی۔

ڈاک کے ذریعے ووٹنگ ڈالنے کا یہ عمل 13 نومبر کو شروع ہوا۔ ممبئ City کے دس اسمبلی حلقوں میں 85 سال سے زیادہ عمر کے 2 ہزار ، 139 بزرگ شہری اور 217 معذور افراد اس سہولت کے اہل ہیں۔ ڈاک کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا یہ عمل آج ختم ہوجائے گا۔x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......ضمیرالدین رضوی

شکریہ - شبانہ بیگم

آج شائع ہونے والے مختلف اردو اخبارات میں الگ الگ خبروں کو شہ سرخی بنایا گیا ہے۔ روزنامہ انقلاب اور راشٹریہ سہارا کی شہ سرخی قبائیلیوں کی ترقی کے تئیں وزیرِاعظم کے اقدام پر مبنی ہے۔ قبائیلیوں کی ترقی پر 80 ہزار کروڑ روپے خرچ ہوں گے۔ بہار سے جھارکھنڈ اور مہاراشٹر کے ووٹروں کو وزیرِاعظم کا پیغام۔ جناب مودی نے 6 ہزار 640 کروڑ روپے کے منصوبوں کا سنگِ بنیاد رکھا اور افتتاح کیا۔

صدر، نائب صدر لوک سبھا اسپیکر نے بھگوان برسا منڈا کے 150 ویں یوم پیدائش کے موقع پر گلہائے عقیدت پیش کیے۔ جبکہ ہندوستان ایکسپریس کی اہم سرخی ہے: مکانات اور شہری امور کی وزارت نے صحت مند اور جامع شہری کاری کے لیے طویل مدتی شراکت داری کو مضبوط بنانے کی غرض سے اقوامِ متحدہ کے ہبی ٹیٹ پروگرام سے متعلق مفاہمت ناموں پر دستخط کیے گئے۔ روزنامہ پرتاپ کی اہم سرخی ہے: بھارت چین کے وزرائے دفاع میں فوجوں کو ہٹانے پر بات چیت ہوگی۔ جبکہ کئی اخبارات نے اس خبر کو بھی خصوصیت کے ساتھ پیش کیا ہے کہ پی سی ایس پری امتحان کا انعقاد اب 22 دسمبر کو ہوگا۔ روزنامہ

پرتاپ کی اہم خبر ہے: دلی میں گرو پرب کی دھوم دھام، جگہ جگہ لنگر تقسیم۔

اس کے علاوہ اخبارات نے سری لنکا کے پارلیمانی چناؤ کو بھی اہم خبر بتایا ہے۔ اخبارات کے مطابق سری لنکا کے پارلیمانی چناؤ میں صدر دیسا نائیکے کے اتحاد کو اکثریت۔ روزنامہ انقلاب کی ایک دیگر اہم سرخی ہے: حماس غزہ میں جنگ بندی کو تیار۔ ڈونالڈ ٹرمپ اسرائیل پر دباؤ ڈالیں: حماس لیڈر۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 وزیراعظم نریندر مودی آج نائیجیریا، برازیل اور گیانا کے 6 روزہ دورے پر روانہ ہورہے ہیں، جس کا مقصد ان ملکوں کے ساتھ دوطرفہ اور کثیر ملکی تعلقات کو مستحکم کرنا ہے۔ وہ برازیل کے شہر Rio De Jeneiro میں جی-ٹوینٹی سمٹ میں شرکت کریں گے۔

2. وزیراعظم نے زور دے کر کہا ہے کہ حکومت، شمال مشرقی خطے میں پائیدار امن لانے کیلئے لگاتار کوشش کررہی ہے۔

3. جھارکھنڈ اور مہاراشٹر میں اسمبلی انتخابات کیلئے چناؤ مہم زوروں پر ہے۔

4. اترپردیش کے شہر جھانسی میں، مہارانی لکشمی بائی میڈیکل کالج میں آگ لگنے کے حادثے میں، 10 نوزائیدہ بچے ہلاک ہوگئے۔

5. NCB نے دلّی میں 900 کروڑ روپے مالیت کی کوکین ضبط کی ہے۔ وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ نشیلی اشیاء فروخت کرنے والے گروپوں کو پکڑنے کا کام انتھک طریقے سے جاری رہے گا۔

6. اور کرکٹ میں : جوہانسبرگ میں چوتھے اور آخری ٹی-ٹوینٹی بین الاقوامی میچ میں، بھارت نے جنوبی افریقہ کو 135 رن سے ہراکر، چار میچوں کی سیریز تین-ایک سے جیت لی ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---